ماڈل درسی کتاب

## ۴

# اُردو

جماعت چہارم

قومی نصاب ۲۳-۲۰۲۲ء کے مطابق



نیشنل بک فاؤنڈیشن
بطور
وفاقی ٹیکسٹ بک بورڈ، اسلام آباد

National Book Foundation

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ۝

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

ماڈل درسی کتاب

# اُردُو

## جماعت چہارم

قومی نصاب ۲۳-۲۰۲۲ء کے مطابق

National Book Foundation

نیشنل بُک فاؤنڈیشن

وزارتِ وفاقی تعلیم و پیشہ ورانہ تربیت، حکومتِ پاکستان

©2024ء نیشنل بک فاؤنڈیشن بطور وفاقی ٹیکسٹ بک بورڈ، اسلام آباد
جملہ حقوق محفوظ ہیں۔ یہ کتاب یا اس کا کوئی بھی حصہ کسی بھی شکل میں
نیشنل بک فاؤنڈیشن کی باقاعدہ تحریری اجازت کے بغیر شائع نہیں کیا جاسکتا۔

ماڈل درسی کتاب: **اُردو**
برائے جماعت چہارم



**مصنفین:** ڈاکٹر شفقت علی جنجوعہ، محمد شاہین بلوچ ملغانی، حمید اللہ خٹک

**زیرِ نگرانی**

ڈاکٹر مریم چغتائی
ڈائریکٹر
قومی نصاب کونسل سیکرٹریٹ
وزارتِ وفاقی تعلیم و پیشہ ورانہ تربیت حکومت پاکستان، اسلام آباد

**اراکین نظرِ ثانی کمیٹی**

ڈاکٹر تجمل حسین شاہ، ماہر نصابیات، اسلام آباد۔ ڈاکٹر فوزیہ اسلم، نمل یونیورسٹی، اسلام آباد۔ ڈاکٹر فردوس کوثر، بحریہ کالج، اسلام آباد
گلناز، وفاقی تعلیمی ادارہ جات، اسلام آباد۔ حمیرا صادق قریشی، وفاقی تعلیمی ادارہ جات (کینٹ / گیریژن)، راولپنڈی

**اراکین قومی نظرِ ثانی کمیٹی**

ڈاکٹر محمد سہیل سرور، پنجاب کریکولم اینڈ ٹیکسٹ بک بورڈ، حکومت پنجاب، لاہور۔ ڈاکٹر امتیاز احمد، محکمہ تعلیم جنوبی پنجاب، ملتان
زاہدہ بنگش، ڈائریکٹریٹ آف کریکولم، اسسمنٹ اینڈ ریسرچ، حکومت سندھ، جامشورو
محمد زکریا، محکمہ تعلیم، گلگت بلتستان۔ نائب جان آغا، ادارہ نصابیات و توسیعی تعلیم حکومت بلوچستان، کوئٹہ
تاج ولی خان، نظامت نصابیات و تربیت اساتذہ حکومت خیبر پختونخوا، ایبٹ آباد
راجہ ہارون الرشید، محکمہ تعلیم آزاد حکومت ریاست جموں و کشمیر، مظفر آباد

**ڈیسک آفیسر**

سہیل بن عزیز، قومی نصاب کونسل سیکرٹریٹ، اسلام آباد

**انتظامیہ:** نیشنل بک فاؤنڈیشن

اشاعت اول۔ طباعت اول: اپریل 2024ء | صفحات: 000 | تعداد: 00000
قیمت: -/000
کوڈ: STU-0000، آئی ایس بی این: 978-969-37-0000-00
طابع: .......................

TEST EDITION

نیشنل بک فاؤنڈیشن کی دیگر مطبوعات کے بارے میں معلومات کے لیے رابطہ کیجیے
ویب سائٹ: www.nbf.org.pk یا فون: 051-9261125
یا ای میل: books@nbf.org.pk
کسی بھی غلطی کی نشاندہی یا رائے دینے کے لیے درج ذیل ای میل پر رابطہ کیا جاسکتا ہے۔
textbooks@ncc.gov.pk

National Book Foundation

# پیش لفظ

نیشنل بُک فاؤنڈیشن، فیڈرل سطح پر واحد ادارہ ہے جو معیاری درسی کتب کی اشاعت کرتا ہے اور بہ طور فیڈرل ٹیکسٹ بُک بورڈ بھی اپنے فرائض بہ طریقِ احسن سر انجام دے رہا ہے۔

اُردو کی یہ ماڈل درسی کتاب برائے جماعت چہارم کے لیے قومی نصاب ۲۰۲۲ء کے مطابق اعلیٰ تعلیم یافتہ اور تجربہ کار اساتذۂ کرام نے تیار کی ہے۔ ہمارے معزز مصنفین کرام نے حتی الامکان کوشش کی ہے کہ یہ کتاب نصابِ اُردو کے تمام تقاضے پورے کرے اور طلبہ کی ذہنی سطح اور معاشرتی نظام کے عین مطابق ہو۔ اُمید واثق ہے ہماری یہ کوشش طلبہ اور اساتذہ کو پسند آئے گی۔

اُردو کی تدریس میں جدید رجحانات اور حکمت عملیوں کو اس کتاب میں بھی روشناس کرانے کی کوشش کی گئی۔ مشقوں اور سرگرمیوں پر خاص طور سے توجہ دی گئی ہے۔ مصنفین نے تمام اسباق کو تدریسیاتی اصولوں پر وضع کیا ہے۔ یقیناً اس سے تدریسِ اُردو کی منزل ابتدائی سطح پر بہتر ہو جائے گی۔ ہر سبق سے پہلے کچھ ایسی سرگرمیاں دی گئی ہیں جو بنیادی طور پر اساتذہ کرام کی نگرانی میں انجام پائیں گی مگر مخاطب طلبہ ہیں۔ پڑھنے سے پہلے کی یہ سرگرمیاں طلبہ میں سبق سے دلچسپی پیدا کرنے کے لیے بنائی جاتی ہیں۔ یاد رہے کہ پڑھنے کے بعد مشقی سوالات حاصلاتِ تعلم کی تقویت اور جانچ کے لیے ہیں۔ امتحانی سوالات حاصلاتِ تعلم اور بلوم ٹیکسانومی کے مطابق تیار کیے جانے چاہئیں۔

معیار کی رفعت، تدریسیاتی حاصلات، ذہنی رسائی اور اسلوب کی پیروی ہمارا نصب العین ہے۔ اس ضمن میں مصنفین کی کاوشیں لائقِ تحسین ہیں۔ حتی الامکان کوشش کی گئی ہے کہ کتاب غلطیوں سے پاک ہو۔ وزارتِ مذہبی امور کی جانب سے حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کی ذاتِ گرامی اور صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے حوالے سے جو نوٹیفکیشن جاری ہوتے رہے ہیں ان پر بھی مکمل طور پر عمل کیا گیا ہے تاہم پھر بھی آپ سے درخواست ہے کہ اگر اس کتاب میں کسی قسم کی لسانی یا علمی نوعیت کی کوئی خامی نظر آئے تو ہمیں اس سے آگاہ فرمائیں تاکہ آمدہ ایڈیشن میں ان کی درستی کی جا سکے۔ اس کے لیے ادارہ آپ کا بے حد شکر گزار ہو گا۔ کسی غلطی کی نشان دہی یا اطلاع textbook@nbf.org.pk پر کریں۔

اللہ تعالیٰ ہم سب کا حامی و ناصر ہو! آمین

ڈاکٹر راجہ مظہر حمید

مینجنگ ڈائریکٹر

# فہرست

## پہلی سہ ماہی


سبق ۱ — حمد (نظم) — صفحہ ۱
- پڑھیے اور سمجھیے: کالم ملانا، مختصر سوالات
- لے اور آہنگ کے ساتھ نظم پڑھنا
- سنیے اور بولیے: حمد کے شعر پر گفتگو کرنا، استحسان و تنقید
- معمے میں سے دیے گئے ہم آواز الفاظ کی نشان دہی کرنا
- زبان سیکھیے: متضاد الفاظ
- سمجھیے اور لکھیے: تصویروں کے بارے میں دو دو جملے لکھنا
- نظم کے اشعار کا مطلب لکھنا
- عمل کیجیے: اپنی پسند کی کوئی اور حمد تلاش کرنا

سبق ۲ — نعت (نظم) — صفحہ ۷
- پڑھیے اور سمجھیے: خالی جگہ پر کرنا، مختصر سوالات
- متن کو فہم کے ساتھ پڑھنا
- سنیے اور بولیے: سیرت کے موضوع پر بات چیت کرنا
- مرکب الفاظ کا درست استعمال
- زبان سیکھیے: حروف جار کی پہچان اور استعمال
- سمجھیے اور لکھیے: سیرتِ طیبہ کا کوئی واقعہ لکھنا
- عمل کیجیے: بچوں کے رسائل میں سے اپنی پسند کی نعت منتخب کرنا

سبق ۳ — مثالی معلم — صفحہ ۱۴
- پڑھیے اور سمجھیے: معروضی سوالات، مختصر سوالات
- عبارت پڑھ کر چار سوالات کے جوابات دینا
- سنیے اور بولیے: حضور ﷺ کی زندگی کا واقعہ اپنے الفاظ میں بیان کرنا
- ہم قافیہ الفاظ بنانا
- زبان سیکھیے: اسم معرفہ اور اسم نکرہ میں امتیاز کرنا
- سمجھیے اور لکھیے: خط لکھنا
- عمل کیجیے: کالم ملانا

سبق ۴ — ہم بنیں گے اچھے شہری — صفحہ ۲۱
- پڑھیے اور سمجھیے: معروضی سوالات، مختصر سوالات
- پارک میں لگی تختیوں پر لکھی ہوئی ہدایات پڑھنا
- سنیے اور بولیے: سیر و سفر کی تفصیلات پر گفتگو
- گفتگو اور تقریر کی نشان دہی کرنا
- اسم معرفہ اور اسم نکرہ کو الگ الگ کرنا
- زبان سیکھیے: مذکر مؤنث حقیقی اور غیر حقیقی
- سمجھیے اور لکھیے: مختصر مضمون لکھنا
- عمل کیجیے: بجلی، گیس وغیرہ کے بل پڑھنا

جائزہ۔۱ — صفحہ ۲۸


National Book Foundation

| سبق ۵ | ننھا ہاتھی (برائے مطالعہ) | صفحہ ۲۹ |
|---|---|---|
| پڑھیے اور سمجھیے | عبارت کو درست طریقے سے پڑھنا<br>سوالات کے زبانی جواب دینا<br>خاص نکات بیان کرنا<br>اپنا ردِ عمل دینا | |

| سبق ۶ | صحت و صفائی | صفحہ ۳۳ |
|---|---|---|
| پڑھیے اور سمجھیے | کثیر الانتخابی سوالات، مختصر سوالات<br>عبارت پڑھ کر سوالات کے جواب دینا | |
| سنیے اور بولیے | تصویروں سے متعلق بات کرنا، درست تلفظ کی نشان دہی<br>عددی ترتیب سے جملے مکمل کرنا | |
| زبان سیکھیے | سابقے لاحقے | |
| سمجھیے اور لکھیے | دس سے بارہ جملوں پر مشتمل مضمون لکھنا | |
| عمل کیجیے | عملی سرگرمی: کوڑے دان اور گل دان بنانا | |

## دوسری سہ ماہی

| سبق ۷ | ہم پاکستانی بچے ہیں (نظم) | صفحہ ۴۰ |
|---|---|---|
| پڑھیے اور سمجھیے | خالی جگہیں، مختصر سوالات<br>عبارت پڑھنا، لغت میں الفاظ کے معانی تلاش کرنا | |
| سنیے اور بولیے | شعر سنانا<br>درست قواعد اور حرکات کے ساتھ زبانی اظہار کرنا<br>معمے میں سے پہیلی کا جواب تلاش کرنا | |
| زبان سیکھیے | علامت فاعل و مفعول، مترادف الفاظ، ۵۱ تا ۶۰ ہندسے | |
| سمجھیے اور لکھیے | تصویر کو دیکھ کر مربوط عبارت لکھنا | |
| عمل کیجیے | فہرستیں پڑھنا | |

| سبق ۸ | گل دستہ (برائے مطالعہ) | صفحہ ۴۷ |
|---|---|---|
| پڑھیے اور سمجھیے | عبارت کو درست طریقے سے پڑھنا<br>سوالات کے زبانی جواب دینا<br>خاص نکات بیان کرنا<br>اپنا ردِ عمل دینا | |

National Book Foundation

سبق ۹ — آتے ہیں جو کام دوسروں کے — صفحہ ۵۱

| | |
|---|---|
| پڑھیے اور سمجھیے | درست غلط، مختصر سوالات |
| | درست تلفظ اور روانی سے عبارت پڑھنا |
| سنیے اور بولیے | اردگرد کی صورتِ حال کے بارے میں بات کرنا |
| | اعراب بدلنے سے مفہوم بدلنے والے الفاظ |
| زبان سیکھیے | ضمیرِ فاعلی |
| سمجھیے اور لکھیے | کہانی لکھنا |
| عمل کیجیے | ابتدائی طبّی امداد کا مظاہرہ کرنا |

سبق ۱۰ — پہاڑ اور گلہری (نظم) — صفحہ ۵۸

| | |
|---|---|
| پڑھیے اور سمجھیے | خالی جگہیں، مختصر سوالات |
| | درست تلفظ کے ساتھ نظم پڑھنا اور نتیجہ بتانا |
| سنیے اور بولیے | نظم کو مکالماتی انداز میں پیش کرنا |
| | درست تلفظ والے الفاظ کی نشان دہی، ۶۱ تا ۷۰ ہندسے لکھنا |
| زبان سیکھیے | استفہامیہ اور واوین کا استعمال |
| سمجھیے اور لکھیے | نظم کو کہانی کی صورت میں لکھنا |
| عمل کیجیے | نظم ''بچے کی دُعا'' کمرہ جماعت میں سنانا |

جائزہ۔ ۲ — صفحہ ۶۴

سبق ۱۱ — نیا کمپیوٹر — صفحہ ۶۵

| | |
|---|---|
| پڑھیے اور سمجھیے | کثیر الانتخابی سوالات، مختصر سوالات |
| | درست تلفظ اور روانی سے عبارت پڑھنا |
| سنیے اور بولیے | موبائل فون کے استعمال پر مباحثہ |
| | معمے میں سے الفاظ کی نشان دہی کرنا |
| زبان سیکھیے | حروفِ عطف، سابقے |
| | صوتیات کی پہچان اور استعمال |
| سمجھیے اور لکھیے | غیر رسمی خط لکھنا |
| عمل کیجیے | کتابچہ تیار کرنا، کمپیوٹر پر کوئی کہانی پڑھنا |

سبق ۱۲ — ہمارے قومی شاعر — صفحہ ۷۳

| | |
|---|---|
| پڑھیے اور سمجھیے | مختصر اور کثیر الانتخابی سوالات |
| | لَے اور آہنگ سے نظم پڑھنا |
| سنیے اور بولیے | نظم سن کر زبانی جواب دینا |
| | معمے میں سے الفاظ کے مترادف تلاش کرنا |
| زبان سیکھیے | واحد کے جمع لکھنا |
| سمجھیے اور لکھیے | مضمون لکھنا، مکالمہ تحریر کرنا |
| عمل کیجیے | انٹرنیٹ کا استعمال کرنا |


National Book Foundation

| سبق ۱۳ | زیبا کے پڑوسی | صفحہ ۷۹ |
|---|---|---|
| پڑھیے اور سمجھیے | درست غلط، مختصر سوالات<br>درست تلفظ اور روانی سے عبارت پڑھنا | |
| سنیے اور بولیے | اردگرد سے متعلق بات چیت کرنا<br>مذکر مؤنث تلاش کرنا | |
| زبان سیکھیے | ضمیر اضافی، محاورے | |
| سمجھیے اور لکھیے | ڈائری لکھنا | |
| عمل کیجیے | کالم ملانا | |

| سبق ۱۴ | جب ہر چیز سونے کی بن گئی | صفحہ ۸۶ |
|---|---|---|
| پڑھیے اور سمجھیے | درست غلط، مختصر سوالات<br>درست تلفظ اور روانی سے کہانی، پڑھنا، عنوان، اہم نکات بتانا | |
| سنیے اور بولیے | "لالچ کا انجام برا ہوتا ہے" کے موضوع پر کہانی سنانا<br>اسم فعل ضمیر تلاش کرنا | |
| زبان سیکھیے | محاورے، متضاد الفاظ، مرکب جملے بنانا | |
| سمجھیے اور لکھیے | آپ بیتی لکھنا، بصری الفاظ کی پہچان کرنا | |
| عمل کیجیے | عید کارڈ تیار کرنا | |

جائزہ۔۳ — صفحہ ۹۵

| سبق ۱۵ | صبح کی آمد (نظم) | صفحہ ۹۶ |
|---|---|---|
| پڑھیے اور سمجھیے | خالی جگہیں، مختصر سوالات<br>اشعار کو درست تلفظ، لے اور آہنگ سے پڑھنا | |
| سنیے اور بولیے | اپنے مشاہدات پر گفتگو کرنا<br>درست املا والے الفاظ کی نشان دہی، لفظی گنتی | |
| زبان سیکھیے | الف بائی ترتیب، قوسین | |
| سمجھیے اور لکھیے | بے ترتیب جملوں کو ترتیب سے لکھنا | |
| عمل کیجیے | منظر کی تصویر بنانا | |

| سبق ۱۶ | حضرت فاطمۃ الزہرا (سلام اللہ علیہا) | صفحہ ۱۰۲ |
|---|---|---|
| پڑھیے اور سمجھیے | خالی جگہیں، مختصر سوالات<br>عبارت کو درست تلفظ کے ساتھ پڑھنا، سوالات کے جوابات دینا | |
| سنیے اور بولیے | کسی صحابیہ کی زندگی کے بارے میں تبادلہ خیال کرنا<br>معمے میں سے الفاظ تلاش کرنا | |
| زبان سیکھیے | محاورے | |
| سمجھیے اور لکھیے | اشاروں کی مدد سے کہانی لکھنا | |
| عمل کیجیے | تقریری مقابلے کا انعقاد کرنا | |


## تیسری سہ ماہی


| سبق ۱۷ | گرمی (نظم) | صفحہ ۱۰۹ |
|---|---|---|
| پڑھیے اور سمجھیے | کالم ملانا، مختصر سوالات<br>اشعار کو لے اور آہنگ سے پڑھنا | |
| سنیے اور بولیے | چاروں موسموں کی خصوصیات پر بات چیت کرنا<br>متضاد الفاظ کی نشان دہی | |
| زبان سیکھیے | جملے زمانے کے مطابق تبدیل کرنا، سابقے، جملوں کی درستی | |
| سمجھیے اور لکھیے | مکالمہ لکھنا<br>مصوتوں کی مدد سے ارکان اور الفاظ سازی کرنا | |
| عمل کیجیے | چارٹ بنانا | |

| سبق ۱۸ | پاکستانی زبانیں | صفحہ ۱۱۵ |
|---|---|---|
| پڑھیے اور سمجھیے | کثیر الانتخابی سوالات، مختصر سوالات<br>عبارت کو درست تلفظ اور روانی سے پڑھنا | |
| سنیے اور بولیے | حکایت سنانا، اپنا کوئی واقعہ سنانا<br>اسم اور صفت الگ الگ کرنا | |
| زبان سیکھیے | مذکر مونث، مترادف الفاظ، واحد جمع | |
| سمجھیے اور لکھیے | کہانی لکھنا | |
| عمل کیجیے | اپنے والد/سرپرست سے کسی موضوع پر گفتگو کرنا | |

جائزہ۔۴ — صفحہ ۱۲۳


National Book Foundation

## سبق ۱۹ — رائے کا احترام — صفحہ ۱۲۴

| | |
|---|---|
| پڑھیے اور سمجھیے | درست غلط، مختصر سوالات |
| | عبارت کو درست تلفظ اور روانی سے پڑھنا |
| سنیے اور بولیے | کسی مسئلے کے حل پر بات چیت |
| | لفظوں کی زنجیر بنانا |
| زبان سیکھیے | محاورے، سابقے لاحقے، عددی ترتیب |
| سمجھیے اور لکھیے | مختصر مضمون لکھنا |
| عمل کیجیے | تصویروں کے ساتھ معلومات لکھنا |

## سبق ۲۰ — یہ بات سمجھ میں آئی نہیں (مزاحیہ نظم) — صفحہ ۱۳۱

| | |
|---|---|
| پڑھیے اور سمجھیے | خالی جگہیں، مختصر سوالات |
| | لطیفے پڑھنا |
| سنیے اور بولیے | ایک ایک لطیفہ یا دل چسپ بات سنانا |
| | مذکر مونث کی تلاش کرنا، گروہی الفاظ بنانا |
| زبان سیکھیے | ماضی، حال، مستقبل کے جملے بنانا، واوین کا استعمال |
| سمجھیے اور لکھیے | تخیلاتی مضمون لکھنا |
| عمل کیجیے | پسندیدہ جانور کا روپ دھارنا، معلومات فراہم کرنا |

## سبق ۲۱ — شان دار فیصلے (برائے مطالعہ) — صفحہ ۱۳۶

| | |
|---|---|
| پڑھیے اور سمجھیے | عبارت کو درست طریقے سے پڑھنا |
| | سوالات کے زبانی جواب دینا |
| | خاص نکات بیان کرنا |
| | اپنا ردِ عمل دینا |

## سبق ۲۲ — تاریخی عمارتیں — صفحہ ۱۳۹

| | |
|---|---|
| پڑھیے اور سمجھیے | درست غلط، مختصر سوالات |
| | عبارت کو درست تلفظ اور روانی سے پڑھنا |
| سنیے اور بولیے | اشاروں کی مدد سے مینارِ پاکستان کے متعلق گفتگو کرنا |
| | معمے میں سے الفاظ کی نشان دہی کرنا |
| زبان سیکھیے | علامت فاعل و مفعول، محاورے |
| سمجھیے اور لکھیے | دو سے تین پیراگراف لکھنا |
| عمل کیجیے | تاریخی عمارتوں کی تصاویر اپنی کاپی پر چسپاں کرنا |

## سبق ۲۳ — محمد محفوظ شہید — صفحہ ۱۴۷

| | |
|---|---|
| پڑھیے اور سمجھیے | درست غلط، مختصر سوالات |
| | عبارت کو درست تلفظ اور روانی سے پڑھنا |
| سنیے اور بولیے | اشاروں کی مدد سے مینارِ پاکستان کے متعلق گفتگو کرنا |
| | معمے میں سے الفاظ کی نشان دہی کرنا |
| زبان سیکھیے | علامت فاعل و مفعول، محاورے |
| سمجھیے اور لکھیے | دو سے تین پیراگراف لکھنا |
| عمل کیجیے | تاریخی عمارتوں کی تصاویر اپنی کاپی پر چسپاں کرنا |

جائزہ ۔ ۵ — صفحہ ۱۵۱

National Book Foundation

سبق
۱

# حمد باری تعالیٰ

## حاصلاتِ تعلّم

اس سبق کی تکمیل کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:

- اپنی جماعت کے معیار کے مطابق واقعہ، خطبہ، کہانی، نظم، تقریر، اعلان، خبر یا ہدایت سن کر سوالات کے زبانی جوابات دے سکیں۔
- اپنی جماعت کے معیار کے مطابق عبارت سن کر اہم نکات اور اجزا سے متعلق معلومات، مشاہدات اور خیالات بیان کر سکیں۔
- اپنی جماعت کے معیار کے مطابق تمام استعمال میں شامل مشکل الفاظ کو پہچان / سمجھ سکیں اور جملوں میں استعمال کر سکیں۔
- متن کو فہم کے ساتھ پڑھ سکیں۔
- نظم کے اشعار کا مطلب لکھ سکیں۔
- عنوان کے مدد سے / انجام کی تبدیلی سے ۱۲ سے ۱۵ جملوں پر مشتمل کہانی لکھ سکیں۔
- متضاد الفاظ جملوں میں استعمال کر سکیں۔

## سوچیں اور بتائیں

- حمد کسے کہتے ہیں ؟ حمد میں کیا باتیں بتائی جاتی ہیں؟
- آپ نے پہلے کوئی حمد پڑھی ہے تو اس کے بارے میں بتائیں۔

## کیا آپ جانتے ہیں؟

- اللہ تعالیٰ کے بہت سے صفاتی نام ہیں جن میں سے چند یہ ہیں:

اَلْعَلِیْمُ (جاننے والا) اَلْبَصِیْرُ (دیکھنے والا)

اَلْخَبِیْرُ (خبر رکھنے والا) اَلْخَالِقُ (پیدا کرنے والا)

برائے اساتذہ کرام

تدریسی عمل کو موثر بنانے کے لیے سبق کے "حاصلاتِ تعلّم" دیے جا رہے ہیں جو اساتذہ کے لیے معاون ثابت ہوں گے۔ سبق کا متن پڑھانے سے قبل "سوچیں اور بتائیں" کے سوالات بچوں سے پوچھیں تاکہ وہ پڑھنے کے لیے ذہنی طور پر تیار ہو سکیں۔ "ٹھہریں اور بتائیں" کے سوالات متن پڑھانے کے دوران میں بچوں سے پوچھیں۔ "کیا آپ جانتے ہیں؟" میں دی گئی اضافی معلومات بھی بچوں کو موقع محل کے مطابق دی جائیں۔

نوٹ
- اسلام کے علاوہ دیگر مذاہب کے طلبہ کو اسلامی مواد پڑھنے پر مجبور نہ کیا جائے۔
- امتحانی سوالات میں اسلامی موضوعات پر سوال دینے کی صورت میں دیگر مذاہب کے طلبہ کے لیے متبادل سوال دیا جائے۔

National Book Foundation

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ ۝
شروع اللہ کا نام لے کر جو بڑا مہربان، نہایت رحم والا ہے۔

# حمد باری تعالیٰ

## تلفّظ سیکھیں

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| خُوش نُمائی | حِکمَت | کونپلیں | شُکر | قَوی | شَجَر | دَل | نادِر | قادِر |

جو چیز خُدا نے ہے بنائی
اس میں ظاہر ہے خوش نُمائی
ہر چیز کی ہے اَدا نرالی
حِکمت سے نہیں ہے کوئی خالی
تاروں بھری رات کیا بنائی
دن کو بخشی عجَب صفائی
جاڑا، گرمی، بہار، برسات
ہر رُت میں نیا سماں نئی بات
جاڑے سے بدن ہے تھرتھراتا
ہر شخص ہے دن میں دھوپ کھاتا
پھوٹیں نئی کونپلیں شَجر میں
اِک جوش بھرا ہوا ہے سر میں
گرمی نے زمین کو تپایا
بھانے لگا ہر کسی کو سایہ
برسات میں دَل ہیں بادلوں کے
ٹھنڈی ٹھنڈی ہوا کے جھونکے
پیدا کیے اونٹ، بیل، گھوڑے
ہر شے کے بنا دیے ہیں جوڑے
قُدرت کی بہار دیکھنے کو
روشن آنکھیں بنائیں دو دو
دو ہونٹ دیے کہ مُنھ سے بولیں
شُکر اس کا کریں زبان کھولیں
ہر شے اس نے بنائی نادِر
بے شک ہے خُدا قَوی و قادِر

(اسماعیل میرٹھی)

### ٹھہریں اور بتائیں

- "ہر رُت میں نیا سماں" سے کیا مراد ہے؟
- کس موسم میں بدن تھرتھراتا ہے؟

### ہم نے سیکھا

- دنیا اور کائنات کی تمام چیزیں اللہ تعالیٰ نے پیدا کی ہیں۔ اللہ تعالیٰ کی پیدا کی ہوئی کوئی چیز بے فائدہ نہیں۔ اس کی عطا کی ہوئی نعمتوں کے لیے ہمیں اس کا شکر ادا کرنا چاہیے۔

### برائے اساتذہ کرام

بچوں کو یہ حمد پہلے خود درست تلفظ، لے اور آہنگ سے پڑھ کر سنائیں۔ بعد ازاں تمام بچوں سے سنیں۔

National Book Foundation

# مشق

## پڑھیے اور سمجھیے

۱۔ دیے ہوئے الفاظ کے معانی سمجھیں اور جملے بنائیں۔

| الفاظ | معانی | الفاظ | معانی |
|---|---|---|---|
| خُوش نُمائی | خُوب صورتی | دَل | گروہ، بادلوں کا تہ در تہ اکٹھا ہونا |
| کونپلیں | نئی نکلنے والی چھوٹی پتیاں | رُت | موسم |
| قادِر | ہر قسم کی قدرت رکھنے والا، طاقت رکھنے والا | تھرتھرانا | کانپنا |
| حِکمت | عقل، دانائی | نادِر | نایاب |
| بھانے لگا | اچھا لگا | قَوی | طاقت ور |

۲۔ حمد کے مطابق درج ذیل مصرعے مکمل کریں۔

**کالم (الف)**

- ہر چیز کی ہے ........ نرالی
- جاڑے سے ........ ہے تھر تھراتا
- گرمی نے ........ کو تپایا

**کالم (ب)**

- ہر شخص ہے ........ میں دھوپ کھاتا
- ہر ........ کے بنا دیے ہیں جوڑے
- دن کو بخشی ........ صفائی

۳۔ "حمد" کے مطابق درست جواب کی نشان دہی کریں۔

الف۔ اللہ تعالیٰ کی بنائی ہوئی ہر چیز سے ظاہر ہوتی ہے۔

- خوب صورتی
- صفائی
- برسات
- رُت

ب۔ "تھرتھرانا" کے معانی ہیں۔

- رونا
- کانپنا
- دیکھنا
- بنانا

ج۔ حمد میں کتنے موسموں کا ذکر ہے۔

- دو
- تین
- چار
- پانچ

د۔ "جاڑے" سے مراد ہے۔

- بہار
- برسات
- گرمی
- سردی

**برائے اساتذہ کرام:** نئے الفاظ کے تحت دیے گئے الفاظ کا درست تلفظ اور مفہوم بتائیں۔ اس سرگرمی کا مقصد بچوں کے ذخیرۂ الفاظ میں اضافہ کرنا ہے۔ سوال نمبر ۲ اور ۳ کی سرگرمی کروانے سے پہلے بچوں سے نظم کا اعادہ کروائیں تاکہ سوالات حل کرنا ان کے لیے آسان ہو جائیں۔

National Book Foundation

۴۔ دیے ہوئے سوالوں کے جواب لکھیں۔

(الف) ''ہر شے کے بنا دیے ہیں جوڑے'' سے کیا مراد ہے؟

(ب) اس نظم میں جن موسموں کا ذکر ہوا ہے ان کے نام لکھیں اور کسی ایک موسم کی خصوصیات لکھیں۔

(ج) ''حکمت سے نہیں ہے کوئی خالی'' سے کیا مراد ہے؟

(د) اللہ تعالیٰ کا شکر کس طرح ادا کیا جا سکتا ہے؟ دو باتیں بتائیں۔

(ہ) دوسرے اور تیسرے شعر کا مطلب لکھیں۔

۵۔ دیے ہوئے اشعار درست تلفظ، لے اور آہنگ کے ساتھ پڑھیں۔


سبھی کچھ خدا کا بنایا ہوا ہے — یہ گلشن اُسی کا لگایا ہوا ہے
یہ خوش رنگ پھول اور پھل پیارے پیارے — یہ دِن اور سورج، یہ رات اور تارے
یہ آگ اور مٹی، ہوا اور پانی — سبھی کچھ خُدا ہی کی ہے مہربانی
کوئی چیز اندر رکھی ہے کہ باہر — سمندر کی تہ میں ہے، یا ہے زمیں پر

(حفیظؔ جالندھری)

## سنیے اور بولیے

۶۔ اس حمد کا کون سا شعر آپ کو سب سے زیادہ اچھا لگا اور کیوں؟ گروہوں میں اس پر گفتگو کریں۔

۷۔ دیے ہوئے حروف کی مدد سے خالی جگہ پُر کر کے ہم قافیہ الفاظ بنائیں۔ ا ل د ڑ




برائے اساتذۂ کرام

سوال نمبر ۳ جز (ہ) کی سرگرمی کروانے سے پہلے بچوں کو بتائیں کہ نثر بنانے کا مطلب کسی شعر کو آسان الفاظ میں لکھنا ہے۔ استاد نمونے کے طور پر ایک شعر کی نثر خود بنا کر دیں۔ باقی اشعار کے لیے بچوں سے مشکل الفاظ کے معانی پوچھیں اور ایسے سوالات پوچھیں جن سے بچوں کو نثر بنانے میں مدد ملے۔

سوال نمبر ۵ کی سرگرمی بچوں سے گروہوں میں کروائیں۔ سوال نمبر ۶ کی سرگرمی بچوں سے انفرادی طور پر کروائیں۔

National Book Foundation

## زبان سیکھیے

۷۔ مثال کے مطابق دیے ہوئے جملوں میں سے متضاد الفاظ چن کر متعلقہ کالم میں لکھیں۔

| | جملے | متضاد الفاظ |
|---|---|---|
| مثال: | شیر بہادر اور گیدڑ بزدل ہوتا ہے | بہادر، بزدل |
| | دن رات محنت کرنے والے لوگ کامیابی حاصل کرتے ہیں۔ | |
| | گرمی ہو یا سردی اسلم چھٹی نہیں کرتا۔ | |
| | پھول کے ساتھ کانٹے بھی ہوتے ہیں۔ | |
| | زندگی میں خوشی کے ساتھ غم بھی ہوتے ہیں۔ | |
| | انسان اور حیوان سب اللہ تعالیٰ کی مخلوق ہیں۔ | |

۸۔ سوال نمبر ۷ میں دیے گئے متضاد الفاظ کو اپنے جملوں میں استعمال کریں۔

برائے اساتذہ کرام

بچے گزشتہ جماعتوں میں مترادف، متضاد کا تصور سیکھ چکے ہیں۔ تصور کا اعادہ کروانے کے بعد سوال نمبر ۷ کی سرگرمی کروائیں۔
سوال نمبر ۱ میں دیے ہوئے اشعار بچوں سے پڑھواتے ہوئے درست تلفظ اور آہنگ کا خیال رکھیں نیز بچوں سے ان اشعار کے اہم نکات بیان کرنے کو کہیں۔

National Book Foundation

## سوچیے اور لکھیے

۹۔ درج ذیل تصویروں کو غور سے دیکھیں اور ان کے بارے میں تین تین جملے لکھیں۔









National Book Foundation

## عمل کیجیے

۱۰۔ اپنی پسند کی کوئی اور حمد تلاش کر کے اپنی کاپی میں چسپاں کریں۔

**برائے اساتذہ کرام:** سوال نمبر ۸ میں دی ہوئی تصویروں پر بات چیت کریں پھر طلبہ و طالبات کو ان تصویروں کے بارے میں دو دو جملے لکھنے کی ہدایت دیں۔ سوال نمبر ۹ کی سرگرمی کا مقصد بچوں میں شعر و شاعری کے ساتھ لگاؤ اور مطالعے کا ذوق بڑھانا ہے۔

سبق ۲

# نعت



## حاصلاتِ تعلّم

اس سبق کی تکمیل کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:

- کم از کم ۲۵۰ الفاظ پر مبنی عبارت درست طریقے سے پڑھ سکیں۔
- متن کو فہم کے ساتھ پڑھ سکیں۔
- نظم و نثر پڑھ کر سوالات کے جوابات دے سکیں۔
- نظم و نثر کا مفہوم سمجھتے ہوئے لے، آہنگ اور روانی کے ساتھ پڑھ سکیں۔
- نظم کے اشعار کا مطلب لکھ سکیں۔
- حروفِ جار کو پہچان سکیں اور استعمال کر سکیں۔
- ہم قافیہ الفاظ بنا سکیں۔

## سوچیں اور بتائیں

- اللہ تعالیٰ نے لوگوں کی ہدایت کے لیے کن کو بھیجا؟
- پیارے نبی حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین ﷺ کے کوئی سے دو اوصاف بتائیں۔

## کیا آپ جانتے ہیں؟

- نبی کریم ﷺ کو تمام جہانوں کے لیے رحمت بنا کر بھیجا گیا۔ آپ ﷺ اخلاق کے اعلیٰ درجے پر فائز ہیں۔
- نبی اکرم ﷺ نے فرمایا کہ جو شخص مجھ پر ایک مرتبہ درود بھیجے گا، اللہ تعالیٰ اس پر دس مرتبہ رحمت فرمائے گا۔

برائے اساتذہ کرام

تدریسی عمل کو مؤثر بنانے کے لیے سبق کے "حاصلاتِ تعلّم" دیے جا رہے ہیں، جو اساتذہ کے لیے معاون ثابت ہوں گے۔ سبق کا متن پڑھانے سے قبل "سوچیں اور بتائیں" کے سوالات بچوں سے پوچھیں تاکہ وہ پڑھنے کے لیے آمادہ ہو سکیں۔ "ٹھہریں اور بتائیں" کے سوالات متن پڑھانے کے دوران میں بچوں سے پوچھیں۔ "کیا آپ جانتے ہیں؟" میں دی گئی اضافی معلومات بھی بچوں کو موقع محل کے مطابق دی جائیں۔

نوٹ

- اسلام کے علاوہ دیگر مذاہب کے طلبہ کو اسلامی مواد پڑھنے پر مجبور نہ کیا جائے۔
- امتحانی سوالات میں اسلامی موضوعات پر سوال دینے کی صورت میں دیگر مذاہب کے طلبہ کے لیے متبادل سوال دیا جائے۔

National Book Foundation


# نعت

## تَلَفُّظ سیکھیں

| اَسرار | دَست گیری | اُمّت | آدمیّت |
| --- | --- | --- | --- |

سَلام اُس پر کہ جس نے بے کسوں کی دَست گیری کی
سَلام اُس پر کہ جس نے بادشاہی میں فَقیری کی
سَلام اُس پر کہ اَسرارِ محبت جس نے سمجھائے
سَلام اُس پر کہ جس نے زخم کھا کر پُھول برسائے
سَلام اُس پر کہ جس کے گھر میں چاندی تھی نہ سونا تھا
سَلام اُس پر کہ ٹوٹا بوریا جس کا بچھونا تھا
سَلام اُس پر جو سچائی کی خاطر دُکھ اٹھاتا تھا
سَلام اُس پر جو بھوکا رہ کر اَوروں کو کِھلاتا تھا
سَلام اُس پر جو اُمّت کے لیے راتوں کو روتا تھا
سَلام اُس پر جو فرشِ خاک پر جاڑے میں سوتا تھا
سَلام اُس پر جو دنیا کے لیے رَحمت ہی رَحمت ہے
سَلام اُس پر کہ جس کی ذات فخرِ آدمیّت ہے
دُرُود اُس پر کہ جس کی بزم میں قِسمت نہیں سوتی
دُرُود اُس پر کہ جس کے ذِکر سے سیری نہیں ہوتی

(ماہرؔالقادری)



## ٹھہریں اور بتائیں

- آپ ﷺ نے کس کی خاطر دُکھ اُٹھائے؟
- "بے کسوں کی دَست گیری" سے کیا مراد ہے؟

## ہم نے سیکھا

- حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین ﷺ نے فقر کی زندگی گزاری۔
- آپ ﷺ نے دینِ حق کے لیے مشرکین اور کفار کے مظالم برداشت کیے لیکن آپ ﷺ نے کبھی اُن کو بددعا نہیں دی۔
- آپ ﷺ رحمۃ للعالمین تھے اور ہمیشہ اپنی امت کی ہدایت کی فکر میں رہتے۔ درود و سلام ہو آپ ﷺ پر۔

**برائے اساتذہ کرام**

بچوں سے نظم درست تلفظ، لے اور آہنگ کے ساتھ پڑھوائیں۔ مشکل الفاظ کا درست تلفظ اور مفہوم بتائیں۔ بچوں کو اشعار کا مفہوم آسان الفاظ میں سمجھائیں۔ بچوں کو بتائیں کہ نبی کریم ﷺ کی ذات بے مثال خوبیوں کا مجموعہ تھی۔

**نوٹ**

- اسلام کے علاوہ دیگر مذاہب کے طلبہ کو اسلامی مواد پڑھنے پر مجبور نہ کیا جائے۔
- امتحانی سوالات میں اسلامی موضوعات پر سوال دینے کی صورت میں دیگر مذاہب کے طلبہ کے لیے متبادل سوال دیا جائے۔

National Book Foundation

## مشق

### پڑھیے اور سمجھیے

ا۔ دیے ہوئے الفاظ کے معانی سمجھیں اور جملے بنائیں۔

| الفاظ | معانی | الفاظ | معانی |
|---|---|---|---|
| بے کس | بے یارومددگار | دَست گیری | مدد |
| فقیری | ضرورت سے زیادہ خواہش نہ رکھنا | اسرار | سِر کی جمع، پوشیدہ باتیں |
| فرشِ خاک | زمین | دکھ اٹھانا | تکلیف اٹھانا |
| فخرِ آدمیت | انسانیت کا فخر | سیری ہونا | جی بھرنا |

۲۔ درج الفاظ کو الف بائی ترتیب دے کر لغت سے ان کے معنی تلاش کریں اور خوش خط کاپیوں پر لکھیں۔

بچھونا　　جاڑا　　بزم　　قسمت　　رحمت

۳۔ سجائے، بنائے کے وزن پر تین الفاظ بنائیں۔

**الف۔ درجہ ذیل اشعار پڑھ کر، ان کا مفہوم بیان کریں۔**

(الف) سَلام اُس پر کہ جس نے بے کسوں کی دَست گیری کی
سَلام اُس پر کہ جس نے بادشاہی میں فَقیری کی

(ب) سَلام اُس پر کہ اَسرارِ محبت جس نے سمجھائے
سَلام اُس پر کہ جس نے زخم کھا کر پُھول برسائے

۴۔ "نعت" کے مطابق درست جواب کی نشان دہی کریں۔

الف۔ "دست گیری کرنا" کا معنی ہے۔

- دعا دینا　- تعاون کرنا　- کپڑے پہننا　- کھانا کھلانا

ب۔ سونا چاندی کس چیز کی علامت ہے۔

- رحمت　- عزّت　- شہرت　- دولت

ج۔ شاعر کا کس چیز سے دل نہیں بھرتا؟

- حضور اکرم ﷺ کے ذکر سے　- غریبوں کی مدد کرنے سے　- بے کسوں کی رہ نمائی کرنے سے　- راتوں کو جاگنے سے

برائے اساتذہ کرام: نئے الفاظ کے تحت دیے گئے الفاظ کا درست تلفظ اور مفہوم بتائیں۔ اس سرگرمی کا مقصد بچوں کے ذخیرہ الفاظ میں اضافہ کرنا ہے۔ سوال نمبر ۲ اور ۳ کی سرگرمی کروانے سے پہلے بچوں سے نظم کا اعادہ کروائیں تاکہ سوالات حل کرنا اُن کے لیے آسان ہو جائیں۔

National Book Foundation

۵۔ دیے ہوئے سوالوں کے جواب لکھیں۔

(الف) بادشاہی میں فقیری سے کیا مراد ہے؟

(ب) فخرِ آدمیت کا کیا مطلب ہے؟

(ج) ''جو بھوکا رہ کے اوروں کو کھلاتا تھا'' میں کس بات کی طرف اشارہ ہے؟

(د) اس نعت میں شامل آپ ﷺ کی چار خوبیاں بتائیں۔

(ہ) آپ حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین ﷺ سے محبت کا عملی اظہار کس طرح کر سکتے ہیں؟

۶۔ درج ذیل عبارت کو درست تلفظ، روانی اور فہم کے ساتھ پڑھیں۔

حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین ﷺ اپنے غلام حضرت زید بن حارثہ رضی اللہ عنہ کو ساتھ لے کر طائف گئے اور وہاں کے سرداروں کو دینِ حق کی دعوت دی۔ مگر افسوس کہ ان میں سے ایک نے بھی اس کو قبول نہ کیا۔ صرف یہی نہیں بلکہ بازار کے شریروں کو آپ ﷺ کے پیچھے لگا دیا۔ وہ راستے کے دونوں طرف کھڑے ہو گئے جب آپ ﷺ ادھر سے گزرنے لگے تو وہ آپ ﷺ پر پتھر برسانے لگے جس سے آپ ﷺ کے پاؤں لہولہان ہو گئے۔ آخر آپ ﷺ نے ایک باغ میں پناہ لی۔ اس وقت آپ ﷺ کے پاس ایک فرشتہ آیا جس نے آپ ﷺ کو خدا کا پیغام سنایا کہ اگر آپ ﷺ کہیں تو طائف والوں پر ان پہاڑوں کو دے مارا جائے تا کہ وہ کچل کر رہ جائیں۔ آپ ﷺ نے فرمایا: اے اللہ! ایسا نہ کر، شاید ان کی نسل سے کوئی تیرا ماننے والا پیدا ہو۔

## سنیے اور بولیے

۷۔ ''ہمارے لیے حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین ﷺ کی سیرت بہترین نمونہ ہے۔'' اس موضوع پر تقریر تیار کر کے جماعت کے کمرے یا صبح کی اسمبلی میں پیش کریں۔

برائے اساتذہ کرام


سوال نمبر ۵ کی سرگرمی کے لیے بچوں کو بلا جھجک آپس میں گفتگو کرنے کا موقع دیں۔ اس سرگرمی کا مقصد بچوں کی سننے اور بولنے کی صلاحیتوں کو پروان چڑھانا ہے۔
سوال نمبر ۴ کی عبارت دو منٹ میں درست تلفظ اور روانی سے پڑھوائیں اور بچوں کو بتائیں کہ ''زخم کھا کر پھول برسائے'' میں ایسے ہی واقعات کی طرف اشارہ ہے۔

National Book Foundation

## زبان سیکھیے

دیے ہوئے جملے غور سے پڑھیں۔

- ہاکی میز کے **نیچے** ہے۔



- آسمان **پر** تارے چمکتے ہیں۔



اوپر دیے ہوئے جملوں میں حروف "نیچے" اور "پر" کو نمایاں کیا گیا ہے۔ یہ حروف ایک لفظ کا دوسرے لفظ سے تعلق قائم کرتے ہیں۔ انھیں "حروفِ جار" کہا جاتا ہے۔ تک، اوپر، نیچے، اندر، باہر، آگے، پیچھے، درمیان، پر، سے وغیرہ حروفِ جار ہیں۔

۸۔ مناسب حروف جار لگا کر جملے مکمل کریں۔

تک | سے | پر | نے | میں



- قلم ________ لکھو۔
- اپنی پڑھائی ________ توجہ دو۔



- باغ ________ رنگ برنگ کی تتلیاں اڑ رہی تھیں۔





- میں ________ صبح سے شام ________ کام کیا۔

برائے اساتذہ کرام: حروفِ جار کے استعمال کا تصور پختہ کروانے کے لیے کسی سبق میں سے ایک پیراگراف منتخب کریں۔ بچوں کو اس میں حروفِ جار کی نشان دہی کرنے کے لیے کہیں۔

National Book Foundation

۹۔ بعض الفاظ دو لفظوں کا مجموعہ ہیں۔ ایسے الفاظ کو "مرکب" کہتے ہیں "ہنسی مزاح" "سچ مچ" وغیرہ ایسے پانچ مرکب الفاظ لکھیں اور انھیں جملوں میں استعمال کریں۔

| | |
|---|---|
| خون | مکوڑے |
| سچ | کلوٹا |
| کیڑے | باڑی |
| شور | پسینا |
| کالا | مچ |
| کھیتی | شرابا |

## سوچیے اور لکھیے

۱۰۔ حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی سیرت کا کوئی واقعہ لکھیں۔ جو دس تا بارہ جملوں پر مشتمل ہو۔

## عمل کیجیے

۱۱۔ بچوں کے رسائل میں سے اپنی اپنی پسند کی ایک ایک نعت منتخب کر کے کاپی میں خوش خط لکھیں۔

برائے اساتذہ کرام

سرگرمی ۹ کے لیے بچوں کو بتائیں کہ وہ نظموں کے انتخاب کے لیے الگ کاپی بنائیں۔ اس کاپی میں اپنی پسندیدہ نظمیں چسپاں کریں۔

National Book Foundation

# سبق ۳

# مثالی مُعَلِّم

## حاصلاتِ تعلّم

اس سبق کی تکمیل کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:

- اپنی جماعت کے معیار کے مطابق واقعہ، کہانی، تقریر یا خبر سن کر سوالات کے زبانی جوابات دے سکیں۔
- متن کو فہم کے ساتھ پڑھ سکیں۔
- نظم و نثر پڑھ کر سوالات کے جوابات دے سکیں اور عنوان تحریر کر سکیں۔
- خط کے اجزا کا خیال رکھتے ہوئے رسمی خط لکھ سکیں۔
- اپنی جماعت کے معیار کے مطابق عام استعمال میں شامل مشکل الفاظ کو پہچان / سمجھ سکیں اور جملوں میں استعمال کر سکیں۔
- املاء کو صحت کے ساتھ تحریر کر سکیں۔
- اسم معرفہ، اسم نکرہ پہچان سکیں اور استعمال کر سکیں۔

## سوچیں اور بتائیں

- رحمۃ للعالمین سے کیا مراد ہے؟
- حضور نبی کریم ﷺ کی کوئی ایک خوبی بتائیں۔

## کیا آپ جانتے ہیں؟

- جس شخص نے اسلام قبول کر کے حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین ﷺ کو اسلام کی حالت میں دیکھا ہو اور وہ ایمان کی حالت میں فوت بھی ہوا ہو، اُسے صحابی کہتے ہیں۔

National Book Foundation

برائے اساتذہ کرام

تدریسی عمل کو مؤثر بنانے کے لیے سبق کے "حاصلاتِ تعلّم" دیے جا رہے ہیں جو اساتذہ کے لیے معاون ثابت ہوں گے۔ سبق کا متن پڑھانے سے قبل "سوچیں اور بتائیں" کے سوالات بچوں سے پوچھیں تاکہ وہ پڑھنے کے لیے ذہنی طور پر تیار ہو سکیں۔ "ٹھہریں اور بتائیں" کے سوالات متن پڑھانے کے دوران میں بچوں سے پوچھیں۔ "کیا آپ جانتے ہیں؟" میں دی گئی اضافی معلومات بھی بچوں کو موقع محل کے مطابق دی جائیں۔


نوٹ
- اسلام کے علاوہ دیگر مذاہب کے طلبہ کو اسلامی مواد پڑھنے پر مجبور نہ کیا جائے۔
- امتحانی سوالات میں اسلامی موضوعات پر سوال دینے کی صورت میں دیگر مذاہب کے طلبہ کے لیے متبادل سوال دیا جائے۔

# مثالی مُعَلِّم

## تلفّظ سیکھیں

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| وَحی | اِقْرَاء | مُخْتَصَر | نَفع بَخْش | غُسل | تَشْبِیہ | غَیب |

حضرت ابراہیم علیہ السلام نے بیت اللہ کی دیواریں اُٹھاتے ہوئے دُعا کی تھی: ''اے ربّ! ان لوگوں میں خود انھی کی قوم میں سے ایک ایسا رسول بھیج دیجیے جو انھیں تیری آیات سنائے، ان کو کتاب اور حکمت کی تعلیم دے۔'' حضرت ابراہیم علیہ السلام کی یہ دُعا قبول ہوئی اور انھی کی اولاد میں سے حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین ﷺ آخری نبی بن کر آئے۔ آپ ﷺ پر جو پہلی وَحی نازل ہوئی اس کا پہلا لفظ ''اقراء'' یعنی ''پڑھ'' تھا۔ اس کے بعد آپ ﷺ تعلیم و تربیت کے ذریعے سے انسانوں کی زندگی میں ایسی تبدیلی لائے کہ تاریخ میں جس کی مثال نہیں ملتی۔



آپ ﷺ نے ایک موقعے پر فرمایا: ''مجھے مُعَلِّم بنا کر بھیجا گیا۔'' آپ ﷺ کے تعلیم کے اصول آج بھی موثر ہیں۔

آپ ﷺ کی تعلیم میں ایک خاص بات یہ تھی کہ آپ ﷺ کی گفتگو نہایت صاف اور واضح ہوتی۔ آپ ﷺ مختصر اور مکمل بات کرتے۔ الفاظ کم مگر پُر اثر ہوتے۔ آپ ﷺ نے فرمایا:

- بہترین عِلم وہ ہے جو نَفع بخش ہو۔
- اوپر والا ہاتھ نیچے والے ہاتھ سے بہتر ہے۔
- خدا کی قسم! وہ مومن نہیں جس کا پڑوسی اس کے شر سے محفوظ نہ ہو۔

### ٹھہریں اور بتائیں

- پہلی وحی کا پہلا لفظ کیا تھا؟
- آپ ﷺ نے صحابی کو کھانا کھانے کے کیا آداب بتائے؟

آپ ﷺ کے لہجے میں محبت اور دِل سوزی ہوتی۔ آپ ﷺ میٹھی باتیں کرتے جو دل پر اثر کرتیں اور سننے والا عمل کے لیے تیار ہو جاتا۔

آپ ﷺ کبھی ایسی بات نہیں کرتے تھے جس سے کسی کو تکلیف پہنچے اور اسے غصہ آئے۔ ایک دفعہ ایک صحابی کھانا کھا رہے تھے۔ کھانے کا انداز مناسب نہیں تھا۔ کبھی ہاتھ پلیٹ کے ایک حصے پر پڑتا اور کبھی دوسرے حصے پر۔ آپ ﷺ نے یہ منظر دیکھا تو فرمایا: ''جب تم کھانا کھاؤ تو بسم اللہ پڑھ لیا کرو، دائیں ہاتھ سے کھاؤ اور اپنی طرف سے کھایا کرو۔''

National Book Foundation

آنحضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین ﷺ، سوال و جواب کے ذریعے سے بھی صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کو دین کی تعلیم دیتے۔ ایک مرتبہ صحابہ رضی اللہ عنہم سے پوچھا کہ تم میں سے کسی کے گھر کے آگے نہر بہ رہی ہو اور وہ روزانہ پانچ مرتبہ اُس میں غُسل کرے تو کیا اس کے بدن پر میل باقی رہے گا؟ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے جواب دیا کہ اے اللہ کے رسول ﷺ، اس پر ذرا بھی مَیل باقی نہیں رہے گا۔ آپ ﷺ نے فرمایا کہ یہی حال پانچوں نمازوں کا ہے کہ اللہ ان کے ذریعے سے گناہوں کو مٹا دیتا ہے۔

نبی کریم ﷺ بعض اوقات اپنی بات کو اچھی طرح سمجھانے اور واضح کرنے کے لیے ہاتھ کے اشاروں سے مدد لیتے۔ اس طرح بات اچھی طرح ذہن نشین ہو جاتی۔ ایک بار ایک صحابی نے آپ ﷺ سے پوچھا کہ میرے لیے کون سی چیز سب سے زیادہ خطرناک ہے۔ آپ ﷺ نے اپنی زبان کو پکڑ کر فرمایا: "یہ زبان سب سے زیادہ خطرناک ہے۔" اس بات کا مطلب یہ ہے کہ گفتگو میں احتیاط سے کام لینا چاہیے۔ اگر ہم بُری باتیں کریں گے تو اس سے ہمیں دنیا میں بھی نقصان پہنچے گا اور آخرت میں بھی ناکامی کا سامنا کرنا پڑے گا۔

نبی اکرم ﷺ اکثر ایسی چیزوں سے تشبیہ دیتے جن سے لوگ واقف ہوتے مثلاً آپ ﷺ نے ایک موقعے پر فرمایا:

"مومن، مومن کا آئینہ ہے۔"

اس بات کا مقصد غیبت سے منع کرنا تھا کیوں کہ آئینہ صرف اُس وقت عَیب ظاہر کرتا ہے جب آدمی آئینے کے سامنے ہو۔ آئینہ کبھی ایک بندے کی خامیاں دوسرے لوگوں کو نہیں بتاتا۔

نبی کریم ﷺ موقعے کے مطابق بات کرتے۔ آپ ﷺ جن باتوں کی تعلیم دوسروں کو دیتے تھے خود بھی ان پر عمل کرکے دکھاتے تھے۔ بلاشبہ آپ ﷺ ایک مثالی مُعلِّم تھے اور آپ ﷺ کی سیرت ہمارے لیے بہترین نمونہ ہے۔

### ہم نے سیکھا

- آپ ﷺ واضح، مختصر اور جامع بات کرتے۔
- آپ ﷺ نرمی، شفقت اور محبت سے بات سمجھاتے۔
- آسان مثالوں اور ہاتھ کے اشاروں سے بات ذہن نشین کراتے۔

برائے اساتذہ کرام

نمونے کی پڑھائی کرتے ہوئے اساتذہ درست تلفظ کا خیال رکھیں۔ بعدازاں بچوں سے پڑھوائیں۔ "تلفظ سیکھیں" کے تحت دیے ہوئے الفاظ پر خصوصی توجہ دیں۔ مشکل الفاظ کا درست تلفظ اور مفہوم بتائیں۔ سبق کے اختتام پر "ہم نے سیکھا" کے تحت بچوں کو سبق کے اہم نکات بتائیں اور مزید اہم نکات بچوں سے پوچھیں۔
نوٹ: اس سبق کی تیاری میں "نبی کریم ﷺ بحیثیت معلّم، از پروفیسر ڈاکٹر فضل الٰہی" سے استفادہ کیا گیا ہے۔

National Book Foundation

# مشق

## پڑھیے اور سمجھیے

۱۔ دیے ہوئے الفاظ کے معانی سمجھیں اور جملے بنائیں۔

| الفاظ | معانی | الفاظ | معانی |
|---|---|---|---|
| آیات | آیت کی جمع، نشانی، قرآنی جملے | مُعلِّم | علم سکھانے والا، مدرّس، اُستاد |
| حِکمت | دانائی، مراد حدیثِ رسول | غِیبت | کسی کی غیر موجودگی میں اُس کے بارے میں بری بات کرنا۔ |
| وَحی | انبیا پر اترنے والا اللہ کا کلام | تَشبِیہ | ایک چیز کو دوسری چیز کی مانند ٹھہرانا مثلاً شہد جیسا میٹھا |

۲۔ سبق کے مطابق دیے ہوئے الفاظ کی مدد سے خالی جگہ پُر کریں۔

آئینہ | خطرناک | تکلیف | آسانی | نفع بخش

(الف) حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین ﷺ کبھی ایسی بات نہ کرتے جس سے دوسرے بندے کو ________ پہنچے۔

(ب) بہترین علم وہ ہے جو ________ ہو۔

(ج) آپ ﷺ نے فرمایا: مومن، مومن کا ________ ہے۔

(د) یہ زبان سب سے زیادہ ________ ہے۔

(ہ) آپ ﷺ کے لہجے میں محبت اور ________ ہوتی۔

برائے اساتذہ کرام

سوال نمبر ۲، ۳ کی سرگرمیاں بچوں سے حسب سابق کروائیں۔

National Book Foundation

۳۔ دیے ہوئے سوالوں کے جواب لکھیں۔

(الف) خانہ کعبہ کی دیواریں اٹھاتے ہوئے حضرت ابراہیم علیہ السلام نے کیا دُعا کی تھی؟

(ب) حضور نبی کریم ﷺ کی گفتگو کی خاص بات کیا تھی؟

(ج) پانچوں نمازوں کی اہمیت بتانے کے لیے آپ ﷺ نے کون سی مثال دی؟

(د) حضور نبی کریم ﷺ لوگوں کو سمجھانے کے لیے کون کون سے طریقے اختیار فرماتے؟ کم از کم تین طریقے بتائیں۔

(ہ) آپ دوسروں کو بات سمجھانے کے لیے کون سا طریقہ اختیار کرتے ہیں؟

## سنیے اور بولیے

۴۔ سبق "مثالی معلم" میں موجود حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین ﷺ کی زندگی کا کوئی واقعہ اپنے الفاظ میں بیان کریں۔

۵۔ دی ہوئی عبارت کو درست تلفظ اور روانی سے پڑھیں اور دیے ہوئے سوالات کے جواب زبانی دیں۔ نیز اس کا عنوان تجویز کریں۔

صداقت اور دیانت ہمارے پیارے نبی حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین ﷺ کی نمایاں صفات تھیں۔ اس لیے لوگ آپ ﷺ کو صادق اور امین کے لقب سے پکارتے تھے۔ آپ ﷺ کی سچائی اور دیانت داری کو دوست دشمن سب تسلیم کرتے تھے۔ ابوجہل جیسا بڑا دشمنِ اسلام بھی یہ کہنے پر مجبور تھا کہ میں آپ ﷺ کو جھوٹا نہیں کہتا لیکن جو بات آپ ﷺ کر رہے ہیں، میں اُسے ماننے کے لیے تیار نہیں ہوں۔ دیانت داری کا یہ عالم تھا کہ کفارِ مکہ سخت دشمنی کے باوجود اپنی امانتیں آپ ﷺ کے پاس رکھواتے تھے۔

### سوالات

(الف) حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین ﷺ کی نمایاں صفات کیا تھیں؟

(ب) آپ ﷺ کو لوگ کس لقب سے پکارتے تھے؟

(ج) ابوجہل نے حضور ﷺ کے متعلق کیا کہا؟

(د) کفارِ مکہ اپنی امانتیں آپ ﷺ کے پاس کیوں رکھواتے تھے؟

برائے اساتذہ کرام: سوال نمبر ۴ کی سرگرمیوں کا مقصد بچوں کے سننے اور بولنے کی صلاحیتوں کی نشوونما کروانا ہے۔ یہ سرگرمی بچوں سے گروہوں میں کروائیں۔ مناسب تعداد میں بچوں کے گروہ بنائیں۔ حضور نبی کریم ﷺ کی زندگی کے واقعات بچوں کو بیان کرنے کا موقع دیں۔

National Book Foundation

۶۔ مثال کے مطابق ہم آواز الفاظ لکھیں اور اپنے دوستوں کو بتائیں۔

مثال:

- ''بتاؤ'' کے اوپر سے ایک نقطہ ہٹائیں تو بنے گا — بناؤ
- ''شیر'' کے اوپر سے تین نقطے ہٹائیں تو بنے گا
- ''پل'' کے نیچے سے دو نقطے ہٹائیں تو بنے گا
- ''جال'' کے نیچے سے ایک نقطہ ہٹائیں تو بنے گا
- ''ٹال'' سے علامت ''ط'' ہٹا کر نیچے نقطہ لگانے سے بنے گا

## زبان سیکھیے

# اسم نکرہ اور اسم معرفہ

- اردو قواعد میں کسی بھی چیز، شخص، جگہ کے نام کو اسم کہتے ہیں۔

  مثلاً: کتاب، آسمان، اسکول، امجد وغیرہ

- کسی خاص چیز، شخص، جگہ کے نام کو اسم معرفہ کہتے ہیں۔

  مثلاً: قرآن مجید، اسلام آباد، دریائے سواں وغیرہ

- کسی عام چیز، شخص، جگہ کے نام کو اسم نکرہ کہتے ہیں۔

  مثلاً: دریا، شہر، کتاب وغیرہ

۷۔ درج ذیل جملوں میں سے اسم معرفہ اور اسم نکرہ الگ الگ کریں۔

الف۔ شکاری دریا میں جال پھینک رہا ہے۔

ب۔ امجد کتاب پڑھ رہا ہے۔

ج۔ اساتذہ اکرام سخت محنت کر رہے ہیں۔

د۔ رُوہان میرا کہنا مان لیا۔

ہ۔ ہر شہر میں ایک لائبریری ہونی چاہیے۔

برائے اساتذہ کرام: سوال نمبر ۶ کی سرگرمی کے لیے مزید مثالیں دے کر اسم خاص اور اسم عام کی مشق کروائیں۔

National Book Foundation

۸۔ تصویر کو غور سے دیکھیں پارک میں لگی تختیوں پر لکھی ہوئی ہدایات پڑھیں۔




## سوچیے اور لکھیے

خط ایک دوسرے کو پیغام اور خیالات لکھ کر پہنچانے کا ایک ذریعہ ہے۔ اس لیے خط کو آدھی ملاقات بھی کہا جاتا ہے۔ خط لکھنے کے لیے درج ذیل باتوں کا خیال رکھنا چاہیے:

- سب سے پہلے صفحے کے انتہائی دائیں طرف مقام اور اس کے نیچے تاریخ لکھیں۔ نئی سطر میں مکتوب الیہ (جس کو خط لکھا جا رہا ہے) کو مناسب انداز میں مخاطب کیجیے اور السلام علیکم لکھیں۔
- خط کا نفسِ مضمون مکمل ہونے پر انتہائی بائیں طرف اپنا نام لکھیں۔ مثال کے طور پر اپنے والد صاحب کے نام خط لکھتے ہیں تو یوں لکھیں گے۔

National Book Foundation

برائے اساتذہ کرام

دیا ہوا پیراگراف بچوں سے درست تلفظ اور روانی کے ساتھ پڑھوائیں، پھر دیے گئے سوالات کے جوابات زبانی پوچھیں۔

وحدت کالونی، کوئٹہ
۱۸/مارچ ۲۰۲۱ء

پیارے ابو جان !

السّلام علیکم ورحمۃ اللہ !

آپ کا خط ملا، آپ کی خیریت کے بارے میں جان کر خوشی ہوئی۔ اللہ تعالیٰ کے فضل سے گھر میں بالکل خیریت ہے۔ امی جان کی طبیعت اب ٹھیک ہے۔ فوزیہ اور طیب آپ کو بہت یاد کرتے ہیں۔ پرسوں تیسری جماعت کا نتیجہ نکلا۔ یہ جان کر آپ کو خوشی ہوگی کہ میں کلاس میں اوّل آئی۔ ہیڈ مسٹریس صاحبہ نے مجھے انعام بھی دیا اور شاباش بھی۔

آپ نے وعدہ کیا تھا کہ اگر میں جماعت میں اوّل آجاؤں تو مجھے تحفہ دیں گے۔ میں آپ کے تحفے کا انتظار کروں گی۔

والسلام
آپ کی بیٹی
عافیہ

۹۔ اپنے دوست کے نام خط لکھیں اور اسے چھٹیوں میں اپنے گھر آنے کی دعوت دیں۔

۱۰۔ درج ذیل الفاظ کی اِملا صحت کے ساتھ تحریر کریں۔

معلم حکمت تربیت محفوظ غنیمت تشبیہ غیبت

## عمل کیجیے

۱۱۔ ان شخصیات کا حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین ﷺ کے ساتھ کیا رشتہ تھا؟

| | |
|---|---|
| حضرت عبدالمطلب | |
| حضرت عبداللہ | |
| حضرت آمنہ | |
| حضرت فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنھا | |
| حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنھا | |
| حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ | |

برائے اساتذہ کرام
سوال نمبر ۹، خط لکھنے کا طریقہ تفصیل سے سکھائیں۔ بچوں سے خط لکھوائیں، خط کے ساتھ ساتھ ای میل لکھنے اور بھیجنے کا طریقہ بھی سمجھائیں۔
متن میں سے کوئی ایک پیراگراف بچوں کو املا کروائیں۔ بعد میں ہر بچے کا املا چیک کریں۔ غلطی کی اصلاح کریں۔

National Book Foundation

National Book Foundation

Approved by Government of Pakistan
Ministry of Federal Education & Professional Training
National Curriculum Council Secretariat
vide letter No. F.No. 1-6 (2023)-NCC/Dir/Urdu Dated: August 7, 2023

# قومی ترانہ

پاک سَرزمین شاد باد! کشورِ حسین شاد باد!
تو نشانِ عزمِ عالی شان ارضِ پاکستان
مرکزِ یقین شاد باد!

پاک سرزمین کا نِظام قُوتِ اُخوتِ عوام
قوم، مُلک، سلطنت پائندہ تابندہ باد!
شاد باد منزلِ مُراد!

پرچمِ ستارہ و ہلال رہبرِ ترقی و کمال
ترجمانِ ماضی، شانِ حال جانِ استقبال
سایۂ خُدائے ذُوالجلال!

National Book Foundation

نیشنل بُک فاؤنڈیشن
بطور
وفاقی ٹیکسٹ بُک بورڈ، اسلام آباد